DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v60i1.2409

استنباط احکام میں جمہور فقہا کا منہج اور دلالات: ایک تحلیلی جائزہ

محمد احمد منیر ۞

Interpretation and Textual Implications in Classical Islamic Legal Theory: An Analysis of Majority (*Jumhūr* and *Mutakallimīn*) Approach

Muhammad Ahmad Munir ۞

Abstract: The present study focuses on Shāfiʿī and other non-Ḥanafī (*jumhūr* and *mutakallimīn*) principles and methodologies of textual interpretation in the genre of Islamic legal theory. The principles formulated by the majority (*jumhūr*) are based on deductive reasoning and strictly follow the texts (*nuṣūṣ*) of the Qur'ān and *ḥadīth* to extract meanings of words and juristic rules. Four methods to deduce meaning from the text are common between the Ḥanafīs and the *jumhūr*. For Ḥanafīs, they are called: *'ibārat al-naṣṣ, ishārat al-naṣṣ, iqtiḍā' al-naṣṣ* and *dalālat al-naṣṣ*, whereas Shāfiʿīs and the majority (*jumhūr*) named them *manṭūq, īmā', ishārah, iqtiḍā* and *mafhūm al-muwāfiq*. Another method, which is highly regarded by theologians (*mutakallimīn*) and rejected by Ḥanafīs as corrupt (*wujūh al-fāsidah*) is called *mafhūm al-mukhālif* (taking opposite meaning due to the absence of the binding cause to take the direct meaning from the text). This article analyses the nature, kinds, foundations, and principles behind this method and the conditions for using *mafhūm al-mukhālif*. It suggests that, although Ḥanafī theorists rejected this method, they utilized it with different names and certain conditions. The use of *mafhūm al-mukhālif* by the *jumhūr* or the *mutakallimīn*, and its general rejection by Ḥanafīs, is one of the reasons that Ḥanafī *fiqh* stands apart from the other schools (*jumhūr*).
Keywords: Textual interpretation, *dalālāt*, legal theory, *uṣūl al-fiqh*, *jumhūr*, *mutakallimīn*, *mafhūm al-mukhālif* (opposite interpretations).

۞ لیکچرار شعبہ فقہ و قانون، ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد۔

۞ Lecturer, Department of Fiqh and Law, Islamic Research Institute, International Islamic University, Islamabad. (ahmad.munir@iiu.edu.pk)

Summary of the Article

Textual implication is one of the main features of the legal hermeneutic and rule-expounding process in the genres of exegesis and jurisprudence. Understanding the meaning of the words of the Qur'ān and *ḥadīth* is the first step in rule extraction and the development of Islamic law. The need for this understanding became significant after the death of the Holy Prophet (peace be on him). Exegetes and legal theorists developed methods of understanding the literal and intended meanings of the text (*naṣṣ*). Among the jurists, Ḥanafīs deploy four methods of textual implications while deducing rules of the *shari'ah*. These are the explicit or immediate meaning (*'ibārat al-naṣṣ*), the alluded meaning (*ishārat al-naṣṣ*), the inferred meaning (*dalālat al-naṣṣ*), and the required meaning (*iqtiḍā' al-naṣṣ*). Ḥanafīs use these methods of textual implications to ensure the validity of their interpretation and *ijtihād*. Mālikīs, Shāfi'īs, and Ḥanbalīs, on the other hand, use the terminology of "what is expressed (*manṭūq*)" and "what is understood or implicated (*mafhūm*)." Ibn al-Ḥājib defines *manṭūq* as that which a text indicates at the point of expression, while the *mafhūm* is the opposite, that is, what is not expressed at the point of expression.

What a text indicates is normally taken to carry meaning, so the *manṭūq* is the meaning which is indicated at the point of expression or utterance. This meaning is also considered explicit (*ṣarīḥ*). *Mafhūm* is something external to this, something implicated by the statement but not present within it. The *manṭūq* resonates with some elements of "literal meaning," while the *mafhūm* meaning is not explicit but necessitated by the statement. Within the categorization of textual implication according to the majority (*jumhūr*) of the theologians (*mutakallimīn*) are those kinds which are somewhat similar to Ḥanafīs in nomenclature as well as their rule deduction approach. These categories include: (a) meanings necessitated by the text for it to be rationally or theologically sound (termed *dalālat al-iqtiḍā*). For example, the Qur'ānic statement "ask the village" suggests that there is a missing word "people" in "ask the village" in order for it to make sense, as we cannot ask buildings. (b) Meanings that emerge from the explicit meaning of the text such that as soon as one understands the utterance, one understands this new meaning. This category is termed *dalālat al-īmā*. When the Prophet (peace be on him) said "free a slave" to the man who had had sexual intercourse with his wife during the day in Ramaḍān, we understand that the freeing of a slave is a penance for the transgression of the law. (c) Meanings that were not part of the intended meaning of the speaker at the point of utterance but are revealed through understanding the utterance (*dalālat al-ishārah*). The implication that the maximum amount of time a menstrual period might be said to occur as one half of a month is deduced from the statement of the Prophet (peace be on him) that women are deficient in religion because they spend half their lives (*shiṭrat dahrihā*) not praying. (d) Meanings that were not part of the utterance but may well have been part of the intention of the speaker (*dalālat al-mafhūm*). For example, the implication that we should not beat our parents by the Qur'ānic verse "Say not uff to your parents." Since we are forbidden from saying "uff" to them, we are surely also forbidden from beating them.

A category of textual implication propagated by the majority (*jumhūr*) of jurists and rejected by Ḥanafīs is a sub-category of *mafhūm* called *mafhūm mukhālif,* which is taking the opposite meaning due to the absence of the binding cause to take the meaning directly from the text. *Mafhūm mukhālif* has several further categories explained by non-Ḥanafī jurists. For example, it is said in the Holy Qur'ān that when the call for prayer is made on the day of *Jumu'ah,* everyone must rush towards *jumu'ah* prayer. Within the scope of the straight meaning, this statement means that *jumu'ah* prayer will be offered on the day of *jumu'ah,* whereas *mafhūm mukhālif* tells us that jumu'ah prayer cannot be prayed on any other day but on the day of *Jumu'ah*. Sayf al-Dīn al-Āmidī (d. 1233) mentioned ten categories of *mafhūm mukhālif* used by Shāfi'īs, Ḥanbalīs, and other scholars to deduce rules in addition to the principles agreed upon by all four schools. In the following pages, these categories, their justification, and their impact on rule deduction are discussed. It is concluded that all these categories of textual implication are, in fact, supported by a principle within juristic hermeneutics and may be used by scholars for rule deduction.

تمہید

اللہ رب العزت کی حمد و ثنا اور نبی کریم ﷺ پر درود و سلام کے بعد۔ شارع کے نازل کردہ الفاظ جو قرآن و حدیث کی صورت میں ہم تک پہنچے ہیں، کسی خاص معنی پر دلالت کرتے ہیں۔ ان معانی تک کیسے پہنچا جائے؟ یہ اصول فقہ کا موضوع ہے۔ علماے اصول نے اس ضمن میں دو طرح کے طرق وضع کیے ہیں۔ پہلا طریقہ استقرائی ہے، اس طریقے میں ملتی جلتی فروع کے ذریعے مشترک اصول وضع کرکے الفاظ کے معانی کی دلالت تک پہنچا جاتا ہے اور یہ طریقہ حنفی اصولیین کے ہاں مستعمل ہے۔[۱] جب کہ دوسرا طریقہ استخراجی ہے جس میں فروع سے صرف نظر کرتے ہوئے قرآن مجید اور سنت کی نصوص پر غور کرکے بنیادی اصول فراہم کیے جاتے ہیں پھر ان اصولوں پر فروع کی تطبیق کی جاتی ہے۔ یہ طریقہ جمہور فقہاے اصول یعنی متکلمین کے ہاں رائج ہے۔ دونوں طریقوں میں لفظ سے معانی اور حکم اخذ کرنے کے لیے جو مشترک طرق ہیں ان میں عبارة النص، اشارة النص، اقتضاء النص اور دلالة النص ہیں۔ ان طریقوں کو جمہور فقہا کے ہاں منطوق، ایما، اشارہ، اقتضا اور مفہوم موافق کے ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے۔ زیر نظر مقالے میں حنفیہ کے مشترک طرق پر متکلمین کے

۱۔ دیکھیے، محمد احمد منیر، "استنباط احکام میں حنفی فقہا کا منہج اور دلالات: ایک تحلیلی جائزہ"، **فکر و نظر**، اسلام آباد، ۵۷: ۳، ۴۷-۹۹۔

ان چار اصولوں کو واضح کرنے کے بعد دلالت کی پانچویں اور منفرد قسم بیان کی گئی ہے جن کا حنفی اصولیین انکار کرتے ہیں اور اسے وجوہِ فاسدہ قرار دیتے ہیں۔ متکلمین کے ہاں لفظ کی اپنے معانی پر دلالت کا یہ طریقہ مفہوم مخالف کہلاتا ہے جس میں کسی شرط یا قید کی وجہ سے ثابت شدہ حکم کے مخالف حکم اس شرط یا قید کے نہ ہونے کی وجہ سے اخذ کیا جاتا ہے۔ ذیل کے صفحات میں مفہوم مخالف سے استنباط کی شرائط، اقسام اور اس کی حجیت کے دلائل پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے جس سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ اصولیین نے احکام اخذ کرنے کے جو مختلف طریقے بیان کیے ہیں ان میں اصولوں کی بنیاد پر اختلاف تو ضرور ہے لیکن اجتماعی طور پر یہ طرق اجتہاد کے عمل کو اور آسان بنا دیتے ہیں اور بہت سے معاملات میں مفہوم مخالف جیسے اصولوں کو اپنانے کی وجہ سے جمہور فقہا نے بہت سے دقیق مسائل کو بھی حل کیا ہے۔

جمہور کے منہج استدلال کو طریقۃ المتکلمین بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں علمائے اصول، علم الکلام کی طرز پر فقہ کے اصول مرتب کرتے ہیں یعنی فروع سے صرف نظر کرتے ہوئے قرآن مجید اور سنت نبویہ کی نصوص پر غور کر کے بنیادی اصول فراہم کرتے ہیں اور پھر ان پر فروع کی تطبیق کرتے ہیں۔[۲] الفاظ بنیادی طور پر معانی کے سانچے ہوتے ہیں۔ کبھی تو معنی لفظ اور نطق سے صراحتاً معلوم ہوتا ہے اور کبھی اشارتاً؛ پہلے کو منطوق اور دوسرے کو مفہوم کہتے ہیں۔ دلالات کی تقسیم میں جمہور کا منہج ان ہی دو قسموں پر قائم ہے، ان میں سے ہر قسم کی تفصیل بیان کرنے سے پہلے اس تقسیم کو نقشے کی صورت میں یوں پیش کیا جاتا ہے:

۲- محمد الخضری بک، **أصول فقه** (قاہرہ: المكتبة التجارية الكبرى، ۱۹۶۹ء)، ۸۔



اس نقشے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ متکلمین کے نزدیک دلالت کی پانچ صورتیں ہیں جب کہ حنفی طریقے میں دلالت کی صرف چار قسمیں ہیں۔ احناف جسے اشارۃ النص کہتے ہیں متکلمین کے نزدیک بھی وہ اشارۃ النص ہی کہلاتا ہے۔ اسی طرح اقتضاء النص کا مفہوم بھی احناف اور متکلمین کے ہاں ایک ہی ہے اور ایک ہی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔ البتہ احناف جس طریق دلالات کو دلالۃ النص کہتے ہیں متکلمین اسے مفہوم موافق کا نام دیتے ہیں اور عبارۃ النص کے مقابل متکلمین کے ہاں منطوق صریح اور دلالت ایما کی اصطلاحات استعمال ہوتی ہیں۔

مفہوم مخالف احناف کے نزدیک فاسد استدلال ہے جسے دلالت کا نام نہیں دیا جاتا، جب کہ متکلمین اسے دلالت تسلیم کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک دلالت کی دیگر اقسام کی طرح یہ بھی حجت ہے بشرطے کہ تمام شرائط موجود ہوں۔ دلالات کی تقسیم میں فریقین کا طریقہ اگرچہ ایک دوسرے سے مختلف ہے لیکن حاصل اور نتیجہ ملتا جلتا ہے، بلکہ یوں محسوس ہوتا ہے کہ اختلاف صرف ناموں میں ہے فی الحقیقت کوئی اختلاف نہیں ہے۔[۳] البتہ حنفیہ اور متکلمین کے مابین اصطلاحات اور ترتیب دلالات میں پائے جانے والے اختلاف کو واضح کرنے کے لیے ذیل میں تمام اقسام کا اجمالی ذکر کیا جارہا ہے، مگر ان کے تطبیقی نتیجے کو سمجھنے کے لیے زیادہ سے

۳- مصطفی سعید الخن، **قواعد اصولیہ میں فقہاء کا اختلاف**، مترجم حبیب الرحمٰن، (اسلام آباد: شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی،۲۰۱۶ء)، ۱۲۸– ۱۲۹۔

زیادہ مثالوں کا سہارا لیا گیا ہے۔ دلالات کی ہر قسم کو متعارف کروا کر اس کی وضاحت قرآن و حدیث کی نصوص سے کیے گئے استنباط سے کی گئی ہے۔ یہاں اس بات کی وضاحت بھی ضروری ہے کہ اس مقالے میں جمہور اور متکلمین کے الفاظ ایک ہی گروہ کے لیے استعمال کیے گئے ہیں۔ کبھی انھیں جمہور کہا گیا ہے اور کبھی متکلمین کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے جس کی وجہ مقالے کے آغاز میں بیان کر دی گئی ہے۔

طرق دلالات میں متکلمین کا منہج

متکلمین کے نزدیک حکم پر عربی لفظ کی دلالت کی بنیادی طور پر دو قسمیں ہیں۔

(۱) دلالت منطوق (۲) دلالت مفہوم

۱۔ دلالت منطوق: منطوق اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ اس کا معنیٰ ہے 'کہی ہوئی بات'۔[۴]

علامہ اصفہانی[۵] اور علامہ شوکانی[۶] نے منطوق کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے: "فالمنطوق ما دل عليه اللفظ في محل النطق أي يكون حكمًا للمذكور وحالًا من أحواله."[۷] (منطوق وہ ہے جس پر لفظ محل بیان میں دلالت کرے یعنی جو چیز ذکر کی گئی ہے اس کا حکم اور اس کے احوال میں سے کوئی حالت ہو)۔ اس تعریف سے تین باتیں واضح ہوتی ہیں:

۴۔ محمد بن مکرم بن علی ابن منظور، **لسان العرب** (بیروت: دار إحياء التراث العربي،۱۹۸۸ء)، ۱۰: ۳۵۴۔

۵۔ الاصفہانی: نام محمود بن عبد الرحمٰن بن احمد، علامہ شمس الدین، ابو الثناء الاَصفہانی ہے۔ شعبان ۶۹۴ھ میں اصفہان میں پیدا ہوئے اور طاعون کے مرض میں ۷۴۹ھ میں وفات پائی۔ (ابی بکر بن احمد بن محمد، تقی الدین ابن قاضی شہبہ الدمشقی، **طبقات الشافعية** (الہند: وزارة المعارف للحكومة العالية،۱۹۸۰ء) ۳: ۷۱۔

۶۔ الشوکانی: نام، محمد بن علی بن محمد الشوکانی ہے، ۱۱۷۳ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۲۵۰ھ میں وفات پائی۔ ان کی تصانیف میں سے نیل الاوطار حدیث شریف کی مشہور کتاب ہے۔ (خیر الدین بن محمود بن محمد بن علی بن فارس الزرکلی الدمشقی، **الأعلام** (بیروت: دارالعلم للملایین،۲۰۰۲ء)، ۶: ۲۹۸۔)

۷۔ ابو الثناء محمود بن عبدالرحمن بن احمد الاصفہانی، **بيان المختصر شرح مختصر ابن الحاجب** (مکۃ المکرمۃ: جامعة ام القرى،۱۹۸۶ء)،۲: ۴۳۰؛ محمد بن علی بن محمد الشوکانی: **إرشاد الفحول إلى تحقيق الحق من علم الأصول** (بيروت: دار الكتاب العربي،۲۰۰۰ء)،۲: ۳۶۔

۱۔ وہ معنی جس کا متکلم نے لفظ سے بالذات ارادہ کیا ہو۔

۲۔ وہ معنی جو نطق سے حاصل ہوا ہو۔

۳۔ وہ مذکور شے کا حکم اور اس کے احوال میں سے کوئی حالت ہو۔

مثلاً اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ﴾[8] (اور نماز قائم کرو، اور زکوۃ ادا کرو، اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو) ۔ یہ آیت مبارکہ تین احکام منطوقہ کو شامل ہے: ۱۔ اقامت صلوۃ، ۲۔ ادائی زکوۃ، ۳۔ نماز باجماعت ۔چوں کہ یہ امر کے صیغوں کے ساتھ وارد ہوئے ہیں اور صیغہ امر وجوب کے لیے آتا ہے اس لیے ان پر عمل کرنا واجب ہے۔ ان کا یہ وجوب نص کے اندر صراحت کے ساتھ لفظاً ومعناً موجود ہے۔

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ﴾[9] (اور ان لوگوں سے اللہ کے راستے میں جنگ کرو جو تم سے جنگ کرتے ہیں، اور زیادتی نہ کرو، یقین جانو کہ اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا)۔ یہ آیت کریمہ درج ذیل احکام منطوقہ پر دلالت کرتی ہے۔

۱۔ قتال واجب ہے، اس لیے کہ لفظ قَاتِلُوْا امر کا صیغہ ہے؛

۲۔ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قتال واجب ہے؛

۳۔ قتال صرف ان لوگوں کے ساتھ واجب ہے جو مسلمانوں کو قتل کرتے ہیں؛

۴۔ زیادتی حرام ہے، اور زیادتی یہ ہے کہ اللہ کے راستے کے سوا کسی اور مقصد کے لیے قتال کیا جائے اور ان لوگوں کے ساتھ قتال کیا جائے جنھوں نے مسلمانوں کو قتل نہ کیا ہو؛

۵۔ اور یہ کہ اللہ تعالیٰ زیادتی کرنے والوں کو ناپسند کرتا ہے جو کہ منع کیے گئے امور کا ارتکاب کرتے ہیں۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿وَرَبَاۗىِٕبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ﴾[10] (اور تمھاری سوتیلی بیٹیاں جو کہ تمھاری پرورش میں رہتی ہیں، جو ان بیویوں سے ہیں جن سے تم نے

۸۔ القرآن، ۲: ۴۳۔

۹۔ القرآن، ۲: ۱۹۰۔

۱۰۔ القرآن، ۴: ۲۳۔

ہم بستری کی ہو، ان کے ساتھ نکاح حرام ہے۔) اس آیت میں لفظ ربائب (مفرد: ربیبه) منطوق کی قبیل سے ہے۔ جس سے مراد ایسی بیٹی ہوتی ہے جو بیوی کے پہلے شوہر سے ہو۔ اسی طرح **دَخَلْتُمْ بِهِنَّ** بھی منطوق ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ صرف مدخولہ بیوی کی بیٹی سے نکاح حرام ہے، جب کہ غیر مدخولہ بیوی کی بیٹی سے نکاح کی ممانعت نہیں ہے اور یہ معنیٰ خود ان الفاظ کے اندر موجود ہے۔[۱۱]

منطوق کی مندرجہ ذیل دو اقسام ہیں:

۱۔ منطوق صریح ۲۔ منطوق غیر صریح

۱۔ منطوق صریح: صریح کا معنیٰ ہے خالص ہونا یعنی ہر خالص شے کو صریح کہتے ہیں اور یہ کنایہ کی ضد ہے مثلاً: کہا جاتا ہے، الصّراحية من الخمر (خالص شراب)۔[۱۲]

منطوق صریح کی اصطلاحی تعریف یہ ہے:"ما وضع له اللفظ ، و دل علیه عن طریق المطابقة او التضمن علی سبیل الحقیقة أو المجاز، وقد انکشف المراد منه في نفسه، وهو لفظ المعنی ، ولا یفهم منه إلا ذلک المعنی، وخاصة إذا أطلق."[۱۳] (وہ معنی جس کے لیے لفظ کو وضع کیا گیا ہو اور وہ لفظ اس پر حقیقی یا مجازی طور پر دلالت مطابقی یا تضمنی کے طریق پر دلالت کرے، اور بذات خود اس کی مراد واضح ہو، اور وہ ایسے معنی کے لیے وضع کیا گیا ہو جس سے صرف وہی معنی مراد لیے جاسکتے ہوں خاص طور پر اس وقت جب کہ اس کو مطلق ذکر کیا جائے۔)

اس کی مثال اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:﴿ **وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا**﴾[۱۴] (اللہ تعالیٰ نے

۱۱۔ مصطفی سعید الخن، مرجع سابق، ۱۲۳۔

۱۲۔ **لسان العرب**، ۲: ۵۰۹؛ لویس معلوف الیسوعی، **المنجد** (بیروت: المطبعة الکاثولیکیة، س۔ن۔)، ۵۶۲۔

۱۳۔ الاصفہانی، مرجع سابق، ۲: ۴۳۱؛ الشوکانی، **إرشاد الفحول**، ۲: ۳۶؛ علی بن سلیمان المرداوی، **التحبیر شرح التحریر** (بیروت: دار الفکر، ۱۹۹۶ء)، ۶: ۲۸۶۷؛ بدر الدین محمد بن بہادر بن عبداللہ الزرکشی، **البحر المحیط في أصول الفقه** (کویت: وزارة الاوقاف والشئون الإسلامیة، ۱۹۹۲ء)، ۳: ۱۳۴؛ عبدالرحمن بن ابی بکر جلال الدین السیوطی، **الأشباه والنظائر** (الریاض: مکتبة نزار مصطفی الباز، ۱۹۹۷ء)، ۱: ۲۹۳۔

۱۴۔ القرآن، ۲: ۲۷۵۔

خرید و فروخت کو حلال اور سود کو حرام کیا ہے۔) اس آیت میں بیع کی حلت اور سود کی حرمت صراحت کے ساتھ بیان ہوئی ہے۔(۱۵)

منطوق صریح کی چار قسمیں ہیں: ۱۔نص، ۲۔ ظاہر، ۳۔ مؤول، اور ۴۔مجمل۔

۱۔ **نص:** لفظ ایک معنی کے علاوہ دوسرے معنی کا احتمال نہ رکھے۔

۲۔ **ظاہر:** لفظ دو یا زیادہ معنی کا احتمال رکھے مگر ان میں سے ایک معنی واضح ہو۔

۳۔ **مؤول:** کئی معنوں پر مشتمل لفظ کے کسی ایک معنی کو قرائن کی رو سے راجح کرنا۔

۴۔ **مجمل:** وہ لفظ جو دو یا زیادہ معانی کا برابر درجے میں احتمال رکھے۔ (۱۶)

۲۔منطوق غیر صریح: کتب اصول میں منطوق غیر صریح کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے: "هو ما دل عليه في غير ما وضع له و إنما يدل من حيث إنه لازم له أي إنه دال عليه عن طريق الالتزام." (منطوق غیر صریح وہ ہے جو معنی غیر موضوع لہ پر اس اعتبار سے دلالت کرے کہ وہ اس کے لیے لازم ہے یعنی التزامی طریقے سے اس پر دلالت کرے۔)(۱۷)

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ﴾(۱۸) (جس کا بچہ ہے اسی کے ذمے ان کا کھانا اور کپڑا قاعدے کے مطابق واجب ہے)۔ یہ آیت مبارکہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نسب کا سلسلہ باپ سے ہوگا نہ کہ ماں سے، اور خرچ کی ذمے داری بھی باپ کی ہوگی۔ (۱۹)

منطوق غیر صریح کی تین قسمیں ہیں: ۱۔دلالت اقتضا، ۲۔دلالت ایما، ۳۔دلالت اشارہ

۱۔دلالت اقتضا: لفظ اقتضاء باب افتعال کا مصدر بمعنی اسم مفعول ہے یعنی مقتضٰی (جس کا تقاضا کیا

۱۵۔ محمد ادیب صالح، **تفسیر النصوص** (بیروت: المکتب الاسلامی، ۱۹۹۳ء)، ۱: ۵۹۴؛ محب اللہ بن عبدالشکور الہندی البہاری، **مسلم الثبوت مع فواتح الرحموت** (بیروت: دارإحیاء التراث العربي، ۱۹۹۸ء)، ۱: ۴۱۳۔

۱۶۔ حافظ ثناءاللہ الزاہدی، **تلخیص الأصول** (الکویت: مرکز المخطوطات والتراث و الوثائق، ۱۹۹۴ء)، ۱۳۔

۱۷۔ الاصفہانی، مرجع سابق، ۲: ۴۳۰؛ المرداوی، مرجع سابق، ۶: ۲۸۶۷؛ الشوکانی، مرجع سابق، ۱: ۳۲۹۔

۱۸۔ القرآن، ۲: ۲۳۳۔

۱۹۔ **مسلم الثبوت مع فواتح الرحموت**، ۱: ۴۱۳؛ ادیب صالح، مرجع سابق، ۱: ۵۹۴؛ الخن، مرجع سابق، ۱۲۴۔

جائے)[۲۰] علامہ درینی دلالت اقتضا کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "دلالة اللفظ على معنى مقدر لازم للمعنى المنطوق، مقدم عليه، مقصود للمتكلم، يتوقف على تقديره صدق الكلام، أو صحته، عقلًا أو شرعًا."[۲۱] (وہ پوشیدہ معنی پر لفظ کی اس طرح دلالت ہو کہ وہ معنی منطوق کو لازم ہو، اس پر مقدم ہو، متکلم کا مقصود ہو اور اس کی تقدیر پر کلام کی سچائی یا صحت عقلاً یا شرعاً موقوف ہو)۔

جمہور فقہانے دلالت اقتضا کی متعدد مثالیں ذکر کی ہیں جن میں سے چند یہ ہیں:

حضرت ابی بکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ: "سمعت رسول اللهﷺ يقول: رفع الله عزوجل عن هذه الأمة الخطاء والنسيان والأمر يكرهون عليه."[۲۲] (میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے اس امت سے غلطی، بھول چوک اور وہ کام جن پر ان کو مجبور کیا جائے اٹھالیے ہیں)۔

اس حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس امت سے نہ تو کبھی کوئی غلطی ہوگی، نہ بھول چوک اور نہ ہی کسی کام پر ان کو مجبور کیا جائے گا جو کہ حقیقت حال کے خلاف ہے؛ لہٰذا یہاں صدق کلام کے لیے لفظ إثم: مقدر مانا گیا ہے، یعنی إثم الخطا والنسیان کہ اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں کا گناہ اس امت سے اٹھالیا ہے۔ یہ اضافہ دلالۃ الاقتضاء کی قبیل سے ہے۔

نیز ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿وَاسْئَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِي كُنَّا فِيهَا وَالْعِيرَ الَّتِي أَقْبَلْنَا فِيهَا ۖ وَإِنَّا لَصٰدِقُونَ﴾[۲۳]

۲۰- محمد بن محمد بن عبدالرزاق المرتضیٰ الزبیدی، **تاج العروس من جواهر القاموس** (بیروت: دار الفکر، ۱۹۴۴ء)، ۳۹: ۳۱۷؛ مجمع اللغة العربية، **المعجم الوسيط** (طہران: انتشارات ناصر خسرو، س۔ن۔)، ۲: ۷۴۳۔

۲۱- فتحی الدرینی، **المناهج الأصولية في الاجتهاد بالرأي في التشريع الإسلامي** (بیروت: مؤسسة الرسالة، ۲۰۱۳ء)، ۲۷۶۔

۲۲- عبدالرؤف المناوی، **فيض القدير شرح الجامع الصغير** (بیروت: دار المعرفہ، ۱۹۷۲ء)، ۲: ۲۱۹؛ ابوالحسن بن ابی بکر مرغینائی، **الهداية شرح بداية المبتدى** (کراچی: مکتبة البشری، ۲۰۰۷ء)، ۱: ۱۶۸ – ۱۶۹؛ ادیب صالح، مرجع سابق، ۱: ۵۴۸۔

۲۳- القرآن، ۱۲: ۸۲۔

(اور پوچھ لے اس بستی سے جس میں ہم تھے اور اس قافلے سے جس میں ہم آئے ہیں اور ہم بے شک سچ کہتے ہیں)
اس آیت کریمہ میں عقلاً یہ بات درست نہیں کہ بستی اور قافلہ سے سوال کیا جائے، لہٰذا نص جس چیز کا تقاضا کرتی ہے وہ لفظ "أهل" ہے جو کہ **وَاسْئَلِ الْقَرْيَةَ** کے اندر محذوف ہے، عبارت اس طرح ہو گی **وَاسْئَل أهلَ الْقَرية و أهلَ العير** (یعنی بستی والوں سے تحقیق کرلیں نیز دوسرے قافلے والوں سے دریافت فرمالیں)۔[۲۴]

نص میں بطور دلالتِ اقتضا کے جو لفظ محذوف مانا جاتا ہے اس کے متعلق تمام علما کا اتفاق ہے کہ موقع و محل کی مناسبت سے اگر یہ محذوف متعین ہے تو حکم اس سے متعلق کر دیا جائے گا، چاہے وہ محذوف عام ہو یا خاص جیسے: ان دو آیات میں ہے ﴿**حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ**﴾ (تمھارے اوپر مردار حرام کیا گیا ہے) اور **حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهٰتُكُمْ** (تمھارے اوپر تمھاری مائیں حرام کی گئی ہیں) یہاں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ پہلی آیت میں تحریم الأکل یعنی مردار کا کھانا حرام کیا گیا ہے اور دوسری آیت میں تحریم مجامعت یعنی وطی کی حرمت بیان کی گئی ہے۔[۲۵]

عموم مقتضٰی اور اس پر مرتّب ہونے والے مسائل

عموم مقتضٰی میں فقہاے کرام کے مابین اختلاف ہے جس کی بنا پر مختلف فروعی مسائل میں بھی اختلاف واقع ہو گیا ہے۔ مجتہدین کی ایک جماعت اس بات کی قائل ہے کہ ایسا لفظ محذوف مانا جائے گا جو عام ہو گا اور حکم کا تقاضا بھی عام ہو گا اور تمام جزئیات پر حاوی ہو گا؛ کیوں کہ مقتضی کی تین صورتیں ہو سکتی ہیں: ۱۔ محذوف میں کئی احتمالات ہو سکتے ہیں لہٰذا ان سب کو محذوف مانا جائے۔ ۲۔ بعض احتمالات کو محذوف مانا جائے۔ ۳۔ کسی چیز کو بھی محذوف نہ مانا جائے۔ یہ آخری صورت خلافِ اجماع ہے جب کہ دوسری صورت یعنی کسی ایک احتمال کو محذوف ماننے کی صورت میں دوسرے احتمالات پر اسے کوئی ترجیح حاصل ہونا چاہیے جو کہ نہیں ہے، لہٰذا صرف پہلی صورت باقی رہ جاتی ہے کہ سب کو محذوف مانا جائے۔[۲۶] اصول فقہ کی اصطلاح میں

۲۴- حسین احمد ہردواری، **نجوم الحواشي** (لاہور: مکتبہ رحمانیہ، س۔ن۔)، ۲۰۶؛ عبد العلی محمد بن نظام الدین محمد السہالوی الانصاری اللکنوی، **فواتح الرحموت** (دار الكتب العلمية، ۲۰۰۲ء)، ۱: ۴۱۲۔

۲۵- شوکانی، **إرشاد الفحول**، ۱۳۱؛ علاء الدین عبد العزیز بن احمد البخاری، **كشف الأسرار عن أصول البزدوي** (کراچی: الصدف پبلشرز، س۔ن۔)، ۲: ۲۳۷۔

۲۶- ادیب صالح، مرجع سابق، ۱: ۵۶۵؛ عبد الوہاب عبد السلام طویلۃ، **أثر اللغة في اختلاف المجتهدين** (دار السلام للطباعة والنشر والتوزيع والترجمة، س۔ن۔)، ۳۵۹۔

اسے عموم مقتضی کہا جاتا ہے۔[۲۷]

جمہور مجتہدین (جن میں احناف بھی شامل ہیں) عموم مقتضی کے قائل نہیں ہیں، چناں چہ وہ کہتے ہیں کہ مقتضی کے اندر عمومیت نہ پیدا کی جائے، بلکہ کسی ایک خاص اور متعین مفہوم کو محذوف مان کر حکم اس کے متعلق کیا جائے۔[۲۸] کیوں کہ نص میں "محذوف" ضرورت کی بنیاد پر مانا جاتا ہے، لہٰذا جتنا محذوف ماننے کی ضرورت ہو گی اتنا ہی مقدر مانا جائے گا۔ جہاں تک عموم کے بغیر ضرورت پوری ہو سکے اور کلام مفید ہو جائے اس سے آگے کسی حکم کو بلا ضرورت وسعت نہیں دینا چاہیے۔

اس کی نظیر مردار کھانے کی اجازت ہے" مردار کھانا بہ وقت ضرورت مباح ہے، لیکن اتنی مقدار مباح ہے جس سے زندگی بچائی جاسکے۔ اگر سیر ہو کر کھائے گا، یا فروخت کرے گا یا ساتھ اٹھا کر لے جائے گا تو سب ناجائز اور حرام شمار ہوں گے۔[۲۹]

اگر کوئی شخص نماز میں بھول کر یا غلطی سے بات چیت کر لے تو جمہور فقہا کے نزدیک نماز باطل نہیں ہو گی۔ امام نوویؒ کا بھی یہی مسلک ہے۔ البتہ حنفیہ کے نزدیک ایسی نماز باطل ہو جاتی ہے۔

جمہور نے حدیث: "رفع عن أمتي الخطاء و النسيان و ما استكرهوا عليه." (میری امت سے خطا اور نسیان کی ذمے داری اُٹھالی گئی ہے اور اس کی بھی جس پر اسے مجبور کیا گیا ہو) کے عموم مقتضی سے استدلال کیا ہے۔

وہ یہاں لفظ "حکم" محذوف مانتے ہیں اور اسے عام قرار دیتے ہیں۔ حکم میں دنیاوی حکم بھی آجاتا ہے یعنی نماز باطل نہیں ہو گی اور اخروی حکم بھی آجاتا ہے یعنی خطا اور بھول کی صورت میں آخرت میں بھی مواخذہ نہیں ہو گا۔[۳۰]

۲۷- سعد الدین مسعود بن عمر التفتازانی، **التلويح على التوضيح لمتن التنقيح في أصول الفقه** (قاہرہ: المكتبه التوفيقية، س ن)،۱: ۱۳۷؛ بخاری، مرجع سابق،۲: ۲۳۷؛ شمس الائمہ ابو بکر محمد بن ابی سہل السرخسی، **أصول السرخسي** (بیروت: دار المعرفة،۱۹۹۷ء)،۱: ۲۴۸۔

۲۸- ملاجیون بن ابی سعید بن عبید اللہ امیٹھوی، **شرح نور الأنوار على المنار** (لبنان: دارالكتب العلمية، ۱۹۸۶ء)،۱: ۳۹۸۔

۲۹- السرخسی، مصدر سابق،۱: ۲۴۴؛ بخاری، مرجع سابق،۲: ۲۳۷۔

۳۰- محمد بن ادریس شافعی، **الأم** (بیروت: دار المعرفة، س۔ن۔)،۱: ۱۲۳۔

اسی طرح حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ہمیں ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی تو دو رکعت کے بعد سلام پھیر دیا۔ ذوالیدین (ایک صحابی) اٹھے اور کہا اے اللہ کے رسول! کیا نماز میں کمی ہو گئی ہے یا آپ بھول گئے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ان میں سے کوئی بات بھی نہیں ہوئی۔ ذوالیدین نے کہا: اے اللہ کے رسول! کوئی بات تو ہے۔

حضور اکرم ﷺ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا ذوالیدین نے درست کہا ہے؟ صحابہ کرامؓ نے کہا: ہاں اے اللہ کے رسول! چناں چہ حضور اکرم ﷺ نے بقیہ نماز مکمل کی، پھر سلام کے بعد بیٹھنے کی حالت میں آپ ﷺ نے دو سجدے کیے۔[۳۱]

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ جس طرح حضور اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے درمیان دوران نماز مکالمہ ہوا، اس کے باوجود حضور اکرم ﷺ نے نماز کو جاری رکھا اسے باطل سمجھ کر دوبارہ نئے سرے سے شروع نہیں کیا، اسی طرح جب کوئی شخص بھول کر یا غلطی سے نماز میں بات چیت کر لے تو اس حدیث شریف کی روشنی میں اس کی نماز بھی باطل نہیں ہو گی۔

جمہور علما کے نزدیک نیت وضو کے فرائض میں سے ایک فرض ہے یعنی وضو کے درست ہونے کے لیے نیت کا ہونا ضروری ہے جب کہ احناف کے نزدیک وضو میں نیت سنت ہے۔

جمہور فقہا، وضو میں نیت کی فرضیت پر إنما الأعمال بالنيّات[۳۲] کے عموم مقتضی سے استدلال کرتے ہیں۔ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ فرماتے ہیں کہ: اس حدیث میں حکم کی نفی مقصود ہے، بلکہ نیت نہ ہونے سے عمل کی صحت کی نفی مراد لینا زیادہ بہتر ہے۔[۳۳]

وضو میں نیت اس لیے فرض ہے تاکہ وہ عبادت میں شمار ہو اور اس کے ذریعے قرب خداوندی حاصل ہو، اگر عبادت کے علاوہ کسی اور کام کے لیے وضو کیا، مثلاً: کھانے، پینے اور سونے وغیرہ کے لیے تو اس

۳۱- محمد بن اسماعیل بخاری، **صحیح البخاري**، کتاب السهو، باب یکبر في سجدتي السهو (ریاض: دارالسلام للنشر والتوزیع، ۱۹۹۹ء)، رقم: ۱۲۲۹؛ مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری، **صحیح مسلم**، باب سجود السهو (ریاض: دار السلام للنشر والتوزیع، ۱۹۹۸ء)، رقم: ۵۷۳۔

۳۲- بخاری، **صحیح البخاري**، کتاب بدء الوحي، باب کیف کان بدء الوحي إلی رسولِ الله، رقم: ۱۔

۳۳- احمد بن علی بن حجر العسقلانی، **فتح الباری** (ریاض: دارالسلام، ۱۹۹۷ء)، ۱: ۹۔

سے عبادت جائز نہیں۔[۳۴]

۲- دلالتِ ایما: لفظ ایما، باب افعال کا مصدر ہے اس کا معنی ہے ہاتھ، سر یا ابرو وغیرہ سے اشارہ کرنا۔[۳۵]

علامہ اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے دلالتِ ایما کی تعریف یوں کی ہے: "هو ما وضع له اللفظ ولا يتوقف عليه صدق الكلام و لاصحته عقلًا أو شرعًا، وأن يقترن اللفظ بحكم لو لم يكن لتعليل لكان بعيدا."[۳۶] (دلالت ایماء وہ ہے جس کے لیے لفظ وضع کیا گیا ہو اور اس پر صدق کلام اور صحت کلام عقلاً یا شرعاً موقوف نہ ہو، اور لفظ ایسے حکم کے ساتھ ملا ہوا ہو کہ اگر وہ حکم لفظ کی علت نہ ہو تو حکم کے ساتھ اس صفت کا اکٹھا ہونا قابل قبول نہ ہو)۔

دلالتِ ایما، قیاس میں علت کو پہچاننے کا ایک ذریعہ ہے جس پر احکام مرتب ہوتے ہیں، اس کی متعدد قسمیں ہیں:[۳۷]

۱- **ترتيب الحكم على الوصف بواسطة الفاء:** یعنی فاء کے واسطے سے وصف پر حکم کا مرتب ہونا، چاہے وصف حکم پر مقدم ہو یا اس سے مؤخر ہو۔

اس کی مثال قرآن کریم کی یہ آیت ہے: ﴿**وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ**﴾[۳۸] (اور تجھ سے پوچھتے ہیں حکم حیض کا۔ کہہ دے وہ گندگی ہے سو تم الگ

۳۴- ابوزکریا یحییٰ بن شرف النووی، **المجموع** (بیروت: دار الفکر، س۔ن۔)، ۱: ۳۶۱؛ شمس الدین محمد بن احمد الخطیب الشربینی، **مغني المحتاج إلى معرفة معاني ألفاظ المنهاج** (مصر: مصطفى البابي الحلبي و اولاده، ۱۹۸۵ء)، ۱: ۴۷؛ ابی ابولید محمد بن احمد ابن محمد بن احمد بن رشد الاندلسی، **بداية المجتهد و نهاية المقتصد** (بیروت: دار الکتب العلمیه، ۱۹۹۶ء)، ۱: ۷۱؛ موفق الدین ابی محمد عبداللہ بن احمد بن محمد بن قدامہ الحنبلی، **المغني** (قاہرہ: هجر للطباعة والنشر والتوزيع والإعلان، ۱۹۹۰ء)، ۱: ۱۱۰؛ منصور بن یونس بن ادریس البھوتی، **كشاف القناع عن متن الاقناع** (بیروت: دار إحياء التراث العربي، ۱۹۹۹ء)، ۱: ۹۴- ۱۰۱۔

۳۵- الحموی، **المصباح المنير في غريب الشرح الكبير**، ۲: ۶۷۳؛ الزبیدی، **تاج العروس**، ۱: ۵۰۰۔

۳۶- الاصفہانی، **بيان المختصر شرح مختصر ابن الحاجب**، ۲: ۴۳۴، الشوکانی، **إرشاد الفحول**، ۲۶۶۔

۳۷- یسری محمد عبدالقادر الحوامدۃ، **الايماء عند الأصوليين** (رسالة ماجستير غير منشورة)، نابلس فلسطین جامعۃ النجاح الوطنیۃ، ۲۰۰۴ء۔

۳۸- القرآن، ۲: ۲۲۲۔

رہو عورتوں سے حیض کے وقت) اس آیت کے اندر حیض کی حالت میں عورتوں سے الگ تھلگ رہنے کا حکم ہے، اور حیض کا گندگی ہونا اس کی علت ہے۔ اور آیت میں وصف یعنی (أذی) حکم یعنی (فاعتزلوا) پر مقدم ہے۔ اور یہ حکم فاء کے واسطے سے وصف پر لگایا گیا ہے۔

ایک شخص حضور اکرم ﷺ کے ساتھ میدان عرفہ میں وقوف کیے ہوئے تھا کہ وہ اپنے اونٹ سے گر پڑا اور اونٹ نے اسے کچل دیا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اغسلوه بماء وسدر، و كفّنوه في ثوبين، ولا تحنّطوه ولا تخمّروا رأسه فانّ الله يبعثه يوم القيامة ملبّيًا[۳۹] (انھیں پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دے کر دو کپڑوں میں کفن دو، خوشبو نہ لگاؤ اور سر نہ ڈھکو کیوں کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن انھیں تلبیہ کہنے کی حالت میں اٹھائے گا یعنی وہ لبیک کہتے ہوئے اٹھے گا)۔

اس حدیث شریف میں محرم میت کے سر نہ ڈھانپنے کا حکم ہے، اور اس کی علت یہ ہے کہ وہ قیامت کے دن تلبیہ کہتے ہوئے آئے گا، اور حدیث میں وصف (ملبیًا) حکم (لا تخمّروا) سے مؤخر ہے۔

۲- **تشريع الحكم عندالعلم بصفة المحكوم عليه:** محکوم علیہ کے کسی صفت کے علم ہونے کے وقت شارع کا حکم لگانا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ صفت اس حکم کی علت ہے۔

حضور اکرم ﷺ کے پاس ایک شخص آیا، اس نے عرض کیا: میں ہلاک ہو گیا، آپ ﷺ نے فرمایا: تمھیں کس چیز نے ہلاک کر دیا؟ اس نے کہا: میں نے رمضان میں اپنی بیوی سے ہم بستری کر لی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: تم ایک غلام آزاد کرو، اس نے کہا: میرے پاس غلام آزاد کرنے کی طاقت نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اچھا تو دو مہینے لگاتار روزے رکھو، اس نے کہا: میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا، آپ ﷺ نے فرمایا: پھر ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ، اس نے کہا: مجھے اس کی بھی طاقت نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: بیٹھ جاؤ وہ بیٹھ گیا، اسی دوران آپ کے پاس کھجور کا ایک ٹوکرا آ گیا، اس ٹوکرے کو عرق کہتے تھے، آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: جاؤ اسے صدقہ کر دو، اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، مدینہ کی ان

۳۹- **صحيح البخاري**، كتاب الجنائز، باب الكفن في ثوبين، رقم: ۱۲۶۶۔

دو سیاہ پتھریلی پہاڑیوں کے بیچ کوئی اور گھر والا ہم سے زیادہ محتاج نہیں ہے، یہ سن کر آپؐ نے فرمایا: جاؤ اپنے گھر والوں کو کھلا دو [۴۰]

اس حدیث شریف سے بطریق ایما یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ کفارے کے واجب ہونے کی علت جماع ہے؛ کیوں کہ اعرابی نے جب اپنے فعل کا ذکر کیا تو آپؐ نے اس پر کفارے کا حکم لگایا، لہٰذا اعرابی کا فعل کفارے کی علت قرار پائی۔

۳- **ذکر الوصف بعدالحکم:** حکم میں کوئی ایسا وصف ذکر دیا جائے جو اس حکم کا سبب ہو۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ان لوگوں کے پاس جانے سے منع کیا جن کے یہاں کتّا ہو تو آپ سے کہا گیا کہ آپؐ فلاں شخص کے پاس گئے تھے حالاں کہ اس کے پاس بلّی ہے، اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: "انّها ليست بنجسة، إنّها من الطوّافين عليكم و الطوّافات."[۴۱] (بلی ناپاک نہیں ہے وہ گھروں میں گھومنے پھرنے والوں یا والیوں میں سے ہے۔)

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ بلّی کے پاک ہونے کا حکم صفت "طوّافین" کی بنیاد پر ہے اگر یہ صفت نہ ہوتی تو شاید بلی کو بھی پاک جانوروں میں شمار نہ کیا جاتا۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھ سے حضور اکرم ﷺ نے پوچھا: "ما في إداوتک؟ فقلت: نبيذ، فقال: تمرة طيّبة و ماء طهور، قال: فتوضأ منه."[۴۲] (تمھارے مشکیزے میں کیا ہے؟ تو میں نے عرض کیا: نبیذ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کھجور بھی پاک ہے اور پانی بھی پاک ہے، تو آپ ﷺ نے اسی سے وضو کیا) ۔اس حدیث میں حضور

۴۰- ابی عبد اللہ محمد بن یزید الربعی ابن ماجۃ القزوینی، **سنن ابن ماجه**، كتاب الصيام، باب: ماجاء في كفارة من أفطر يوماً في رمضان (رياض: دار السلام للنشر والتوزيع،۱۹۹۹ء)، رقم: ۱۶۷۱۔

۴۱- فخر الدین محمد بن عمر بن الحسین الرازی، **المحصول في علم أصول الفقه** (بيروت: مؤسسة الرسالة، ۱۹۹۲ء)، ۵: ۱۵۰؛ ابی داود سلیمان بن الأشعث بن اسحاق الآزدی السجستانی، **سنن أبي داود**، كتاب الطهارة، باب سؤرالهرة (رياض: دار السلام للنشر والتوزيع،۱۹۹۹ء)، رقم: ۷۵۔

۴۲- ابی عیسی محمد بن عیسی بن سورۃ ابن موسیٰ الترمذی، **جامع الترمذي**، أبواب الطهارة (رياض: دار السلام للنشر والتوزيع،۱۹۹۹ء)، رقم: ۸۸۔

اکرم ﷺ نے نبیذ کی صفت تمرۃ طیبۃ وماء طھور ذکر فرمائی ہے۔

۴۔ **التفریق بین شیئین بذکر وصف أحدھما:** کسی ایک چیز کے وصف کو ذکر کر کے دو چیزوں میں فرق کرنا۔

حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: "سونا سونے کے بدلے برابر برابر بیچو، ڈلی ہو یا سکہ، اور چاندی چاندی کے بدلے میں برابر برابر بیچو، ڈلی ہو یا سکہ اور گندم گندم کے بدلے برابر برابر بیچو ایک مد ایک مد کے بدلے میں، جو جو کے بدلے میں برابر برابر بیچو، ایک مد ایک مد کے بدلے میں، اسی طرح کھجور کھجور کے بدلے میں برابر برابر بیچو، ایک مد ایک مد کے بدلے میں، نمک نمک کے بدلے میں برابر بیچو، ایک مد ایک مد کے بدلے میں، جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا اس نے سود دیا سود لیا، سونے کو چاندی سے کمی وبیشی کے ساتھ نقدا نقد بیچنے میں کوئی قباحت نہیں ہے، لیکن ادھار درست نہیں، اور گندم کو جو سے کمی وبیشی کے ساتھ نقدا نقد بیچنے میں کوئی حرج نہیں لیکن ادھار بیچنا صحیح نہیں ہے۔"[۴۳]

ایک دوسری روایت میں ہے کہ "جب صنف بدل جائے تو جس طرح چاہو بیچو جب کہ نقد ہو"[۴۴] یعنی سونا چاندی کے بدلہ میں، گندم جو کے بدلہ میں۔

مثلاً قرآن کریم میں ہے: ﴿وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ﴾[۴۵] (حیض کی حالت میں عورتوں کے قریب مت جاؤ یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائیں) اس آیت مبارکہ میں 'حتّٰی' "برائے غایت ہے، جو حالت حیض اور حالت طہر میں فرق کر کے ان کا حکم واضح کرتا ہے۔ یعنی جب تک اس غایت یعنی پاکی کا ظہور نہیں ہو جاتا مباشرت نہیں کی جا سکتی۔ حیض کی حالت میں ہم بستری کی ممانعت اور پاکی کی حالت میں اس کے جواز کا حکم لفظ حَتّٰی سے واضح ہوتا ہے۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿**وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ**﴾[۴۶] (اور اگر تم نے انھیں چھونے سے پہلے ہی اس

۴۳۔ **سنن أبي داود**، کتاب البیوع، رقم: ۳۳۴۹۔

۴۴۔ نفس مصدر، رقم: ۳۳۵۰۔

۴۵۔ القرآن، ۲: ۲۲۲۔

۴۶۔ القرآن، ۲: ۲۳۷۔

حالت میں طلاق دی ہو جب کہ ان کے لیے (نکاح کے وقت) کوئی مہر مقرر کر لیا تھا تو جتنا مہر تم نے مقرر کیا تھا اس کا آدھا دینا (واجب ہے) مگر یہ کہ وہ عورتیں معاف کر دیں (اور آدھے مہر کا بھی مطالبہ نہ کریں۔) اس آیت میں "بیوی کو چھونے" کا وصف بیان کر کے مہر کے نصف یا پورا واجب ہونے کا حکم بیان کیا گیا ہے جو دلالت ایما سے ثابت ہوتا ہے۔

۵۔ **النھی عن فعل**: ایسے کام سے ممانعت جو واجب کام سے روکنے کی علت بن رہا ہو۔[۴۷] جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ﴾ [۴۸] (اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔) اس آیت مبارکہ میں خرید و فروخت سے اس لیے منع کیا جا رہا ہے کیوں کہ یہ نمازِ جمعہ کے چھوٹ جانے کا سبب بن سکتی ہے اور جمعہ کے دن اللہ کے ذکر کی طرف جانے کی علت خرید و فروخت کا ترک کرنا ہے۔[۴۹]

۳۔ دلالتِ اشارہ: اشارہ کی اصل شور (بفتح الشین والواو) ہے۔ اس کا معنی ہے اشارہ کرنا۔ اشارہ نطق کے مترادف ہے مثلاً: کوئی شخص کسی کام کے لیے اجازت طلب کرتا ہے تو وہ اپنے ہاتھ یا سر سے اشارہ کرتا ہے کہ اب کرے یا نہ کرے تو گویا یہ نطق ہی کے قائم مقام ہوا۔[۵۰]

اشارہ کی اصطلاحی تعریف امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ ان الفاظ میں کرتے ہیں: "إن المتكلم قد يفهم بإشارته و حركته في أثناء كلامه مالا يدل عليه نفس اللفظ فيسمى إشارة."[۵۱] (دورانِ کلام متکلم کے اشارے اور حرکت سے جو چیز سمجھ آ رہی ہوتی ہے جس پر لفظ دلالت نہیں کرتا اس کا نام اشارہ ہے۔)

جمہور فقہا نے دلالتِ اشارہ کی درج ذیل دو اقسام بیان کی ہیں:

۱۔ اشارۂ ظاہرہ ۲۔ اشارۂ غامضہ

۴۷۔ الرازی، **المحصول**، ۵: ۱۵۴۔

۴۸۔ القرآن، ۹: ۶۲۔

۴۹۔ الرازی، مرجع سابق، ۵: ۱۵۴۔

۵۰۔ احمد بن محمد بن علی الفیومی، **مصباح المنير في غريب الشرح الكبير** (بیروت: المكتبة العلمية، ۱۴۱۴ھ)، ۱: ۳۵۰۔

۵۱۔ ابو حامد الغزالی، **المستصفى** (بولاق: المطبعة الأميرية، ۱۳۲۲ھ)، ۲: ۱۸۸۔

۱- اشارۂ ظاہرہ سے مراد یہ ہے کہ جس کا حصول تھوڑے سے غور و فکر کے ساتھ ممکن ہو[۵۲] یعنی یہ وہ دلالت ہے جو ہر اس فقیہ اور عالم کو سمجھ میں آجاتی ہے جسے اصولی و لغوی قواعد پر ملکہ حاصل ہو۔[۵۳]

ارشاد نبوی ہے: "لعن الله المحلِّل[۵۴] والمحلَّل له."[۵۵] (حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: حلالہ کرنے والے اور کرانے والے دونوں پر اللہ نے لعنت کی ہے۔)

۵۲- ادیب صالح، **تفسیر النصوص**، ۱: ۴۹۱۔

۵۳- بخاری، **كشف الأسرار عن أصول البزدوي**، ۱: ۱۰۸۔

۵۴- مُحِلِّل: اس شخص کو کہتے ہیں جو مطلقہ ثلاثہ کے ساتھ اس نیت سے شادی کرتا ہے کہ ہم بستری کرنے کے بعد وہ اس کو طلاق دے گا تاکہ وہ اس شخص کے لیے حلال ہو جائے جس نے اس کو طلاق دی تھی (**التيسير بشرح الجامع الصغير**، ۲: ۲۹۳) اور یہ اس وجہ سے کہ مطلقہ ثلاثہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتَّىٰ تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ ۗ فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يَتَرَاجَعَا﴾ (القرآن، ۲: ۲۳۰۔) (پھر اگر شوہر (تیسری) طلاق دے دے تو وہ) مطلقہ عورت) اس کے لیے اس وقت تک حلال نہیں ہو گی جب تک وہ کسی اور شوہر سے نکاح نہ کرے، ہاں اگر وہ) دوسرا شوہر بھی) اسے طلاق دے دے تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ ایک دوسرے کے پاس (نیا نکاح کر کے) دوبارہ واپس آجائیں۔)

اس آیت کریمہ میں حلالہ شرعیہ کا ذکر ہے اور وہ یہ ہے کہ مطلقہ ثلاثہ عدت گزارنے کے بعد شرعی طریقے کے مطابق کسی اور آدمی کے ساتھ نکاح کرے اور دونوں کی نیت مستقل ازدواجی زندگی گزارنے کی ہو اور وہ شوہر اپنی اس بیوی سے ہم بستری بھی کر لے۔ اس کے بعد اس دوسرے خاوند نے اس عورت کو از خود طلاق دے دی یا وہ فوت ہو گیا اور عورت نے عدت گزار لی تو حلالہ کی شرط پوری ہو گئی اور یہ عورت پہلے خاوند کے لیے حلال ہو گئی، اب اگر یہ عورت اور اس کا پہلا شوہر باہمی رضامندی سے دوبارہ نکاح کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔ اور حدیث مبارکہ میں جس حلالہ کی بنیاد پر لعنت کی گئی ہے وہ حلالۂ غیر شرعیہ ہے اور وہ یہ ہے کہ نکاح کے وقت شرط طے کر لی جائے کہ دوسرا خاوند ہم بستری کرنے کے بعد لازماً اس عورت کو طلاق دے گا۔ (مفتی رشید احمد لدھیانوی، **احسن الفتاویٰ** (کراچی: ایچ ایم سعید کمپنی، ۱۳۹۸ھ)، ۵: ۱۵۴؛ منیر احمد منور، **تلبیس ابلیس بالتوحید في التثلیت** المعروف حرام کاری سے بچیے (وہاڑی: مکتبہ اہل سنت و الجماعت، ۱۴۳۴ھ)، ۴۰۵)۔

۵۵- **سنن أبي داود**، کتاب النکاح، باب في التحلیل، رقم: ۲۰۷۶۔

یہ حدیث مبارکہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ زوج ثانی کے لیے "محلل" ہونے کی صفت کا اثبات دلالتِ اشارہ سے ثابت ہوتا ہے، اور یہ اس وجہ سے کہ کلام اس کے لیے نہیں لایا گیا بلکہ کلام لعنت کے اثبات کے لیے لایا گیا ہے۔[۵۶]

۲- اشارۂ غامضہ سے مراد یہ ہے کہ جس کا حصول زیادہ غور و فکر کا محتاج ہو[۵۷] یعنی یہ وہ دلالت ہے جو لغوی و اصولی قواعد پر ملکہ رکھنے والے علما کو بھی بہت گہری اور فطین نظر سے مطالعے اور غور و فکر کے بعد سمجھ آتی ہے۔[۵۸]

مثلاً اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ﴾[۵۹] (یہ مالِ فَے) ان حاجت مند مہاجرین کا حق ہے جنھیں اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے بے دخل کیا گیا ہے۔ وہ اللہ کی طرف سے فضل اور اس کی خوشنودی کے طلب گار ہیں، اور اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جو راست باز ہیں۔) یہ آیت مبارکہ مالِ فَے میں سے ان فقرا کے حصوں کے اثبات کے لیے لائی گئی ہے جنھوں نے مکہ سے ہجرت کی تھی اور یہ حکم آیت میں بہ طور عبارۃ النص مذکور ہے۔ دلالتِ اشارہ کے طور پر اس آیت سے مسلمانوں کی اپنی ان جاے دادوں سے جو انھوں نے مکہ مکرمہ میں چھوڑے، ملکیت کے زوال اور اس پر کفار کے غلبہ پانے کی طرف اشارہ ہے۔[۶۰]

۲- دلالتِ مفہوم

لفظ مفہوم باب سمع سے اسمِ مفعول کا صیغہ ہے۔ اس کا معنی ہے سمجھی ہوئی بات۔

امام جوینی نے دلالتِ مفہوم کی یہ تعریف کی ہے: "هو مايستفاد من اللفظ و مسكوت

۵۶- بخاری، **كشف الأسرار**، ۱: ۸۸۔

۵۷- ادیب صالح، مرجع سابق، ۱: ۴۹۱۔

۵۸- بخاری، مرجع سابق، ۱: ۱۰۸۔

۵۹- القرآن، ۸: ۵۹۔

۶۰- بخاری، مرجع سابق، ۱: ۲۲، ۸۸؛ محمد بن محمد ابن امیر الحاج الحنبلی، **التقرير و التحبير** (بیروت: دار الكتب العلمية، ۱۹۹۹ء)، ۱: ۱۰۸

عنه لا ذكر له تصريحاً وليس منطوقاً ، ولكن المنطوق مشعر به."[۶۱] (دلالتِ مفہوم وہ ہے جو لفظ سے مستفاد ہو اور مسکوت عنہ ہو، جس کا صراحت کے ساتھ ذکر نہ ہو اور نہ منطوق ہو لیکن منطوق اس کا حکم بتلاتا ہو۔)

مثلاً ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ﴾[۶۲] (جو ایک ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا وہ اس کا اجر پالے گا۔) آیت میں مسکوت عنہ کثیر تعداد میں اعمال ہیں۔ آیت کا سیاق اور مقصود اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اگر زیادہ تعداد میں نیکیاں ہوں گی تو ان پر بہ ہر صورت اجر ملے گا اور انھی کے مثل ہو گا۔

جمہور فقہانے دلالتِ مفہوم کی درج ذیل دو اقسام بیان کی ہیں:

۱۔ مفہوم موافق ۲۔ مفہوم مخالف

۱۔مفہوم موافق: "هو دلالة اللفظ على ثبوت حكم المنطوق للمسكوت عنه، و موافقته له نفيًا و إثباتًا، لإشتراكهما في معنىً يدرک بمجرد معرفة اللغة؛ دون الحاجة إلى بحث و اجتهاد."[۶۳] (مسکوت عنہ کے لیے منطوق کے حکم کے ثبوت پر لفظ کی دلالت ، دلالتِ موافقہ کہلاتی ہے اور منطوق و مسکوت دونوں محض لغوی مفہوم کی معرفت سے معنی مشترک ہونے کی وجہ سے نفی اور اثبات میں باہم موافق ہوتے ہیں۔ اس میں تحقیق اور اجتہاد کی ضرورت نہیں ہوتی ۔) اس تعریف کا حاصل یہ ہے کہ لفظ میں جو حکم مذکور ہو وہی حکم اس مسئلے پر جاری کر دیا جائے جس کا ذکر اس کلام میں ہو اور دونوں احکام، نفی اور اثبات کے اعتبار سے باہم موافق ہوں۔ اس وجہ سے کہ دونوں احکام لفظ سے معلوم ہوتے ہیں محض لغوی مفہوم کی معرفت سے تو اس میں تحقیق اور اجتہاد کی ضرورت نہیں پڑتی ، بلکہ صرف لغت سے رہ نمائی مل جاتی ہے۔ مفہوم موافق کہنے کی وجہ یہ ہے کہ چوں کہ اس لفظ میں جو حکم بیان کیا گیا ہے وہ اس کے موافق ہوتا ہے جو بیان تو نہیں کیا گیا ہوتا لیکن وہ لغت سے ثابت ہوتا ہے[۶۴]

۶۱۔ عبدالملک بن عبداللہ بن یوسف الجوینی، **البرهان في أصول الفقه** (بیروت: دار الكتب العلمية،۱۹۹۷ء)،۱: ۱۶۵۔

۶۲۔ القرآن، ۹۹: ۷۔

۶۳۔ ادیب صالح، مرجع سابق، ۱: ۶۰۷– ۶۰۸۔

۶۴۔ الخن، **قواعد اصولیہ میں فقہا کا اختلاف**،۱۲۷۔

قرآن کریم میں ہے :﴿وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا﴾ (۶۵) (اور تمھارے پروردگار نے یہ حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، اور والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرو، اگر والدین میں سے کوئی ایک یا دونوں تمھارے پاس بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انھیں اف تک نہ کہو، اور نہ انھیں جھڑکو، بلکہ ان سے عزت کے ساتھ بات کیا کرو۔) اس آیت میں منطوق والدین کو لفظ" اُف" کہنے کی حرمت ہے اور اس آیت میں مفہوم والدین کو ہر طرح کے ضرر پہنچانے کی حرمت ہے، چاہے وہ مارنا ہو یا گالی دینا ہو یا کوئی اور اذیت ہو۔

ارشاد نبوی ہے: "أربع لا تجوز في الأضاحي: العوراء بيّن عورها، والمريضة بيّن مرضها، والعرجاء بيّن ظلعها، والكسير التي الاتنقى."(۶۶) (چار طرح کے جانور قربانی کے لائق نہیں ہیں، ایک کانا جس کا کانا پن بالکل ظاہر ہو، دوسرا بیمار جس کی بیماری بالکل ظاہر ہو، تیسرا لنگڑا جس کا لنگڑا پن بالکل واضح ہو اور چوتھا دبلا بوڑھا کم زور جانور جس کی ہڈیوں میں گودا نہ ہو)

اس حدیث میں منطوق جانور کا لنگڑا اور کانا پن ہے جب کہ مفہوم پاؤں کٹا ہونا اور اندھا پن ہے۔

مفہوم موافق کی شرائط

مفہوم موافق کی دو شرطیں ہیں:

۱۔ محل نطق میں معنی کا فہم غور و فکر کے بغیر نطق سے حاصل ہو جائے۔

۲۔ حکم میں منطوق سے مفہوم اولیٰ ہوتا ہے یا اس کے برابر ہوتا ہے۔

لہٰذا اگر مفہوم اولیٰ ہو تو اسے فحو الخطاب کہتے ہیں اور اگر منطوق اور مفہوم دونوں حکم میں برابر ہوں تو اسے لحن الخطاب کہتے ہیں۔(۶۷)

فحو الخطاب کی مثال: ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَاۗىِٕمًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي

۶۵۔ القرآن، ۱۷: ۲۳۔

۶۶۔ **سنن أبي داود**، كتاب الضحايا، باب مايكره من الضحايا، رقم، ۲۸۰۲۔

۶۷۔ تقی الدین ابو البقاء محمد بن احمد بن عبدالعزیز بن علی الفتوحی الحنبلی المعروف بابن النجار، **مختصر التحرير شرح الكوكب المنير** (ریاض: مکتبة العبيكان، ۱۹۹۷ء)، ۳: ۴۸۱۔

﴿...الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ﴾[۶۸] (اہل کتاب میں کچھ لوگ تو ایسے ہیں کہ اگر تم ان کے پاس دولت کا ایک ڈھیر بھی امانت کے طور پر رکھوادو تو وہ تمھیں واپس کر دیں گے اور انھی میں سے کچھ ایسے ہیں کہ اگر ایک دینار کی امانت بھی ان کے پاس رکھواؤ تو وہ تمھیں واپس نہیں دیں گے، مگر یہ کہ تم ان کے سر پر کھڑے رہو۔ ان کا یہ طرز عمل اس لیے ہے کہ انھوں نے یہ کہہ رکھا ہے، کہ :امیوں(یعنی غیر یہودی عربوں) کے ساتھ معاملہ کرنے میں ہماری کوئی پکڑ نہیں ہوگی۔اور (اس طرح) وہ اللہ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھتے ہیں۔)

اس آیت میں منطوق، اہل کتاب کی ادائے قنطار ہے اور مفہوم، قنطار سے کم کی ادا ہے، مثلاً ایک دینار۔ یہاں مفہوم، منطوق سے اولیٰ ہے یعنی جب وہ ڈھیروں مال واپس کرتے ہیں تو ایک دینار تو بطریق اولیٰ واپس کریں گے۔[۶۹]

لحن الخطاب کی مثال: جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:﴿اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا﴾[۷۰] (یقین رکھو کہ جو لوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں، اور انھیں جلد ہی ایک دہکتی آگ میں داخل ہونا ہوگا۔)

یہ آیت یتیم کے مال کے جلانے یا ضائع کرنے کی حرمت پر دلالت کرتی ہے اور یہ دلالت یتیم کا مال کھانے کے مساوی ہے، لہٰذا آیت میں منطوق: یتیم کا مال ظلماً کھانا ہے اور مفہوم موافق یتیم کا مال ظلماً جلانا یا ضائع کرنا ہے۔[۷۱]

مفہوم موافق کی حجیت اور اس کی دلالت کی نوعیت

مفہوم موافق تمام اصولیین کے نزدیک حجت ہے سوائے ظاہر یہ کے[۷۲] البتہ اس کی دلالت کی

۶۸– القرآن،۳: ۷۵۔

۶۹– علاء الدین ابن اللحام البعلی، **القواعد و الفوائد الأصولية و ما يتبعها من الأحكام الفرعية** (بیروت: المكتبة العصرية،۱۹۹۸ء)،۱: ۳۲۷۔

۷۰– القرآن،۳: ۷۵۔

۷۱– ابن النجار ، **مختصر التحرير شرح الكوكب المنير**،۳: ۴۸۱۔

۷۲– القاضی ابی بکر بن العربی المعافری المالکی، **المحصول في أصول الفقه** (عمان: دارالبيارق للطباعة والنشر

نوعیت کے بارے میں فقہاے کرام کا اختلاف ہے کہ وہ دلالتِ لفظیہ ہے یا قیاسیہ۔[۷۳]

چناں چہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے متبعین، آمدی رحمۃ اللہ علیہ اور فراء وغیرہ کہتے ہیں کہ مفہوم موافق کی دلالت لفظی ہے،[۷۴] کیوں کہ مفہوم موافق، قیاس کی مشروعیت سے پہلے موجود ہے، لہٰذا یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ وہ لفظی ہے۔ اگر وہ دلالت قیاسی ہوتی تو جب تک قیاس مشروع نہ ہوتا اور اس کے احکام و شرائط معلوم نہ ہوتے اس وقت تک حکم کا ادراک نہ ہوتا۔[۷۵]

دوسری بات یہ ہے کہ مفہوم موافق بغیر کسی قرینے کے سمجھ میں آتا ہے جب کہ قیاس کے لیے قرینہ اور علت کی ضرورت ہوتی ہے تب جاکے حکم کا ادراک ہوتا ہے۔[۷۶] جب کہ بعض فقہا کہتے ہیں کہ مفہوم موافق کی دلالت قیاسی ہے لفظی نہیں[۷۷] کیوں کہ مفہوم موافق اور قیاس ایک ہی ہیں۔ صرف اتنا فرق ہے کہ محض قیاس، خفی ہوتا ہے اور مفہوم موافق اس کی بہ نسبت قیاس جلی ہوتا ہے۔[۷۸]

مثلاً ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ أُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا﴾[۷۹] (انھیں اف تک نہ کہو اور نہ انھیں جھڑکو، بلکہ ان سے عزت کے ساتھ بات کیا کرو۔) اس آیت مبارکہ میں تأفیف (اف کہنا) اصل ہے اور ضرب وشتم (مارنا اور گالی دینا) فرع ہے، دفع الأذی (تکلیف دور کرنا) علت ہے اور تحریم (حرام ہونا) حکم ہے یعنی جس طرح اذیت والدین کی وجہ سے کلمۂ اُف کہنے سے منع کیا گیا ہے، اسی

والتوزیع، ۱۹۹۹ء)، ۱: ۱۰۴؛ علی بن محمد الآمدی، **الإحكام في أصول الأحكام** (بیروت: دارالفکر للطباعة والنشر والتوزیع، ۲۰۰۳ء)، ۳: ۷۱۔

۷۳- الآمدی، نفس مصدر، ۳: ۷۱؛ تقی الدین وتاج الدین السبکی، **الإبهاج في شرح المنهاج** (دبئی: دارالبحوث للدراسات الإسلامية وإحياء التراث، ۲۰۰۴ء)، ۱: ۳۶۷۔

۷۴- ابن النجار، **مختصر التحرير**، ۳: ۴۸۴؛ ابن اللحام، **القواعد و الفوائد الأصولية**، ۱: ۳۶۷۔

۷۵- الاصفہانی، **بيان المختصر**، ۲: ۴۴۲۔

۷۶- المرداوی، **التحبير شرح التحرير في أصول الفقه**، ۲: ۲۸۸۲۔

۷۷- الزرکشی، **البحر المحيط**، ۴: ۲۲۲۔

۷۸- اللکنوی، **فواتح الرحموت**، ۱: ۴۱۰۔

۷۹- القرآن، ۱۷: ۲۳۔

طرح اذیت والدین کی وجہ سے ضرب وشتم کو بھی ممنوع قرار دیا گیا ہے کہ یہ دونوں حرام ہونے میں برابر ہیں۔ اب چوں کہ یہاں اصل، فرع اور علت مشترکہ سب موجود ہیں تو قیاس کا معنی متحقق ہو گیا، اس لیے مفہوم موافق کا نام قیاس جلی تجویز کیا گیا ہے۔[۸۰]

۲۔ مفہوم مخالف

جمہور متکلمین کے نزدیک دلالات کی وہ قسم جو احناف سے الگ ہے مفہوم مخالف کہلاتی ہے۔ اسے دلیل الخطاب بھی کہتے ہیں، دراصل مفہوم مخالف ہی دلالات کی وہ قسم ہے جس میں احناف اور متکلمین میں واضح اختلاف ہے۔ احناف دلالت کی اس قسم کا انکار کرتے ہیں اور اسے وجہ فاسد قرار دیتے ہیں۔[۸۱]

لفظ مخالف اسم مفعول کا صیغہ ہے اس کا معنی ہے پیچھے چھوڑا ہوا۔[۸۲] اور اس کی اصطلاحی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے۔

"دلالة اللفظ على ثبوت حكم للمسكوت عنه مخالف لما دل عليه المنطوق لانتفاء قيد من القيود المعتبرة في الحكم."[۸۳] (لفظ کی کسی شرط یا قید کی وجہ سے ثابت شدہ حکم کے مخالف حکم پر اس شرط یا قید کے نہ ہونے کی بنا پر دلالت مفہوم مخالف کہلاتی ہے۔) یعنی ایسا حکم ہے جو ثابت شدہ حکم کے مخالف مفہوم سے حاصل کیا جائے۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ثابت شدہ حکم کسی قید کے ساتھ مقید ہوتا ہے۔ جس جگہ وہ قید نہیں پائی جاتی وہاں اصل حکم کے خلاف حکم ثابت کیا جاتا ہے۔[۸۴]

مفہوم مخالف کی اقسام

مفہوم مخالف میں چوں کہ منطوق کے حکم میں پائی جانے والی قیود کے نہ ہونے کی وجہ سے حکم لگانا ہوتا

۸۰۔ منصور بن محمد بن عبدالجبار السمعانی الشافعی، **قواطع الأدلة في الأصول** (بیروت: دارالکتب العلمیة، ۱۹۹۷ء)، ۲: ۱۲۸؛ ابو ابراہیم بن علی بن یوسف الفیروز آبادی الشیرازی، **اللمع في أصول الفقه**، ا: ۴۴؛ اللکنوی، مرجع سابق، ا: ۴۱۰۔

۸۱۔ جمیل احمد سکروڈوی، **قوت الاخیار شرح نور الانوار** (کراچی: احمد پرنٹنگ کارپوریشن، ۱۹۹۲ء)، ۲: ۳۹۸۔

۸۲۔ ابن منظور، **لسان العرب**، ۹: ۸۲۔

۸۳۔ ادیب صالح، **تفسیر النصوص**، ا: ۶۰۹۔

۸۴۔ الخن، **قواعد اصولیہ میں فقہاء کا اختلاف**، ۱۲۸۔

ہے تو اس اعتبار سے قید کی جتنی بھی اقسام ہوں گی اس طرح مفہوم مخالف کی اقسام ہو سکتی ہیں، علامہ آمدیؒ نے اس کی دس تک اقسام بیان کی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱۔ **مفہوم صفت:** وہ ہے جس میں وصف کی قید پائی جائے مثلاً ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ﴾[۸۵] (اور جو شخص تم میں سے مومن آزاد عورتوں سے نکاح کی قدرت نہ رکھتا ہو تو وہ مومن لونڈیوں میں سے جو تمھارے قبضے میں آگئی ہوں، (نکاح کرے)۔
اس آیت کے مفہوم مخالف سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ مسلمان مرد کے لیے کسی غیر مومن باندی خواہ وہ کتابیہ ہو یا مشرکہ ہو، سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے، کیوں کہ باندی سے نکاح ایمان کے وصف سے مقید ہے وصف ایمان کی نفی سے نکاح کے جواز کی بھی نفی ہو جائے گی۔[۸۶]

۲۔ **مفہوم شرط:** وہ ہے جس میں کوئی حکم شرط کے ساتھ مشروط ہو۔ مثلاً اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ﴾[۸۷] (اگر وہ حمل سے ہوں تو بچہ جننے تک ان کا خرچ دیتے رہو۔)
اس آیت کریمہ میں مطلقہ کے لیے نفقہ کا حکم حمل کے ساتھ مشروط ہے، لہٰذا اگر یہ شرط نہ پائی گئی تو نفقہ واجب ہونے کا یہ حکم بھی نہ رہے گا۔

۳۔ **مفہوم غایت:** وہ ہے جس میں غایت پر دلالت کرنے والی کوئی قید موجود ہو جیسے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ﴾[۸۸] (اور کھاؤ پیو یہاں تک کہ صبح کی سفید دھاری رات کی سیاہ دھاری سے الگ نظر آنے لگے۔)
اس آیت میں غایت پر دلالت کرنے والا لفظ حتی ہے۔ مفہوم مخالف سے ثابت ہوا کہ جو

۸۵۔ القرآن، ۴: ۲۵۔

۸۶۔ الخن، مرجع سابق، ۱۵۱۔

۸۷۔ القرآن، ۶: ۶۵۔

۸۸۔ القرآن، ۲: ۱۸۷۔

چیز رات میں جائز تھی وہ اس غایت کے بعد ممنوع ہو گئی ہے۔[۸۹]

۴۔ مفہوم عدد: وہ ہے جو کسی خاص عدد پر دلالت کرے مثلاً اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً﴾[۹۰] (اور جو لوگ پرہیز گار عورتوں پر بدکاری کا الزام لگائیں اور اس پر چار گواہ نہ لائیں تو انھیں اسّی درے مارو۔)

اس آیت میں قذف کی حد اسّی کوڑے بیان کی گئی ہے، شافعی اصولیین اس آیت سے مفہوم مخالف کے طور پر یہ بیان کرتے ہیں کہ اسّی سے زائد کوڑے مارنا جائز نہیں ہے۔[۹۱]

۵۔ مفہوم لقب: علامہ آمدی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی مثال وہ حدیث شریف پیش کی ہے جس میں چھ اشیا میں سود کی حرمت کا ذکر ہے۔ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی ہے: ''سونے کا تبادلہ سونے سے، چاندی کا چاندی سے، گندم کا گندم سے، جو کا جو سے، کھجور کا کھجور سے، نمک کا نمک سے، برابر برابر اور دست بدست ہونا چاہیے، جس نے زیادہ دیا یا زیادہ طلب کیا تو اس نے سود لیا، لینے اور دینے والا برابر ہیں''۔[۹۲]

مفہوم لقب مفہوم مخالف کی وہ قسم ہے جس کو جمہور علمائے متکلمین بھی دلالات میں معتبر خیال نہیں کرتے؛ کیوں کہ اس سے استدلال کرنے کی صورت میں مذکورہ چھ اشیا کے سوا کسی چیز میں سود ثابت نہیں ہوتا۔[۹۳]

۶۔ مفہوم حصر: وہ ہے جس میں حصر پائی جائے، مثلاً ارشاد نبوی ہے: مفتاح الصلاۃ الطهور، و تحريمها التكبير، و تحليلها التسليم[۹۴] (نماز کی کنجی طہارت ہے اور اس کی

۸۹۔ الخن، مرجع سابق، ۱۵۲۔

۹۰۔ القرآن، ۲۴: ۴۔

۹۱۔ ابن امیر الحاج، **التقرير والتحبير على التحرير**، ۱: ۱۵۳۔

۹۲۔ **صحيح البخاري**، كتاب البيوع، رقم: ۲۱۳۴۔

۹۳۔ الجوینی، مصدر سابق، ۱: ۱۶۸۔

۹۴۔ **سنن ابن ماجه**، باب مفتاح الصلاة الطهور، رقم: ۲۷۵۔

حرمت تکبیر ہے اور اس کی حلت سلام ہے۔)

اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ نماز کو دو امور کے درمیان محصور کیا گیا ہے جو کہ تکبیر اور تسلیم ہیں، جب یہ حصر نہ ہو گا تو نماز بھی نہیں ہو گی۔[۹۵]

۷۔ مفہوم علت: وہ ہے جس میں حکم کی کوئی علت پائی جائے۔ ارشادِ خداوندی ہے: ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ﴾[۹۶] (اے ایمان والو! شراب، جوا، بتوں کے تھان اور جوئے کے تیر، یہ سب ناپاک شیطانی کام ہیں، لہٰذا ان سے بچو۔)

اس آیت کے مفہوم مخالف سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اگر کوئی چیز نشہ پیدا نہ کرے تو وہ حرام نہیں ہو گی کیوں کہ حکم، علت سے منسلک ہے۔[۹۷]

۸۔ مفہوم حال: مفہوم مخالف کی اس قسم کو اکثر علما نے مفہوم صفت ہی میں شمار کیا ہے مگر امام آمدی رحمۃ اللہ علیہ اور امام شوکانی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ حضرات نے اسے الگ بھی ایک قسم شمار کیا ہے اور اپنی کتب میں اسے ذکر کیا ہے۔

۹۔ مفہوم زمان: اس کو کہتے ہیں جس میں کوئی خاص زمانہ پایا جائے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ﴾[۹۸] (جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے۔) اس آیت میں منطوق ایک خاص زمانے پر دلالت کرتا ہے۔ لہٰذا اس زمانے کے نہ ہونے کی صورت میں حکم اس کے نقیض پر دلالت کرے گا یعنی اگر جمعہ کے دن نہ ہو تو جمعہ کی نماز بھی نہیں ہو گی۔

۱۰۔ مفہوم مکان: وہ ہے جو کسی خاص جگہ پر دلالت کرے مثلاً کوئی کہے: جلست أمام زید (میں زید کے سامنے بیٹھا) تو اس نے اس کلام کو ایک خاص مکان سے مقید کر دیا ہے جس میں منطوق کی دلالت اس خاص مقام پر ہے، جب کہ مفہوم مخالف کی رو سے اس مقام کے نہ

۹۵۔ الجوینی، مصدر سابق، ۱: ۱۷۹۔

۹۶۔ القرآن، ۵:۹۰۔

۹۷۔ الشوکانی، **إرشاد الفحول**، ۲۷۹۔

۹۸۔ القرآن، ۶۲: ۹۔

ہونے کی وجہ سے وہ اس حکم کی نقیض پر دلالت کرے گا یعنی یہ کہا جائے گا کہ میں زید کے سامنے کے علاوہ کسی جگہ پر نہیں بیٹھا۔

مفہوم مخالف سے استدلال کی شرائط

مفہوم مخالف کو قابل استدلال سمجھنے والے فقہاے کرام درج ذیل شرائط کی بنیاد پر اسے قابلِ استدلال سمجھتے ہیں:

۱۔ مسکوت عنہ میں مساوات یا اولویت ظاہر نہ ہو۔

۲۔ زیادہ راجح دلیل سے تعارض نہ ہو۔

۳۔ اغلبیت کی بنیاد پر تخصیص نہ ہو۔

۴۔ مسکوت عنہ کے حکم کے اثبات کے سوا قید کسی اور مقصد یا فائدے کے لیے نہ لائی گئی ہو۔

۵۔ نص میں ذکر کردہ قید کسی اور چیز کے ضمن میں نہ ہو بلکہ مستقلاً ذکر کی گئی ہو۔

۶۔ مسکوت عنہ کو کسی خوف یا جہالت وغیرہ کی وجہ سے ترک نہ کیا گیا ہو۔

۷۔ وہ قید کسی سائل کے سوال کے جواب میں یا کسی مخصوص واقعہ کی وجہ سے ذکر نہ کی گئی ہو۔[۹۹]

مفہوم مخالف کی حجیت کے دلائل

مفہوم مخالف کی حجیت پر علماے متکلمین درج ذیل عقلی اور نقلی دلائل پیش کرتے ہیں:

کبار صحابہ، تابعین، ائمہ مجتہدین، اور اہل لغت نے مفہوم مخالف کا اعتبار کیا ہے اور اس سے احکام اخذ کیے ہیں لہٰذا اس کا اعتبار کیا جائے گا۔ مثلاً: ابو عبیدہ معمر بن مثنی نے حدیث نبوی مطل الغني ظلم[۱۰۰] (مال دار کا ٹال مٹول کرنا ظلم ہے۔) سے مفہوم مخالف کے طور پر یہ حکم لیا کہ لاملام علی المقتر کہ جو شخص مجبور ہونے کی وجہ قرض کی ادائی میں تاخیر کر رہا ہے اس پر ملامت اور عقوبت نہ ہو گی۔

مفہوم مخالف پر دوسری دلیل یہ ہے کہ بہت سی اخبار آحاد ایسی ہیں جن سے اس بات کا ادراک ہوتا ہے کہ آپ ﷺ اور صحابہ کے دور میں بھی مفہوم مخالف کو معتبر سمجھا جاتا تھا مثلاً: حضرت یعلی بن امیہ نے

۹۹۔ الخن، مرجع سابق، ۱۵۸۔

۱۰۰۔ **سنن ابن ماجه**، باب الحوالة، رقم: ۲۴۰۴۔

حضرت عمر سے پوچھا: مابالنا نقصر الصلاة وقدامنا(۱۰۱) جب کہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے:﴿فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ (۱۰۲) اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت یعلی نے مفہوم شرط کے طور پر اس بات پر تعجب کیا تھا یعنی ان کے ذہن میں یہ بات آئی کہ جب شرط نہ رہی تو حکم بھی بدل جانا چاہیے اور اس کی نفی پر دلالت ہونی چاہیے۔(۱۰۳)

خلاصۂ کلام

قرآن وسنت سے احکام کے استنباط میں جمہور فقہا کا طرز استدلال یہ ہے کہ نص سے حکم شرعی یا تو واضح طور پر معلوم ہو گا جسے منطوق صریح کہتے ہیں یا پھر نص کے تقاضے، حکم کی علت اور غور وفکر سے معلوم ہو گا جسے منطوق غیر صریح کہتے ہیں۔ یہ نص کی وہ صورتیں ہیں جن میں حکم شرعی کے اثبات کے لیے باقاعدہ الفاظ موجود ہوتے ہیں۔ جب کہ بعض احکام شرعیہ ایسے ہیں جو ان ہی نصوص سے مفہوم ہوتے ہیں لیکن نص کے الفاظ ان پر دلالت نہیں کرتے۔ پھر اگر نص سے مفہوم ہونے والا یہ حکم اس حکم کے موافق ہو جس کے لیے نص کے الفاظ لائے گئے ہیں تو یہ مفہوم موافق کہلاتا ہے اور اگر نص سے مفہوم ہونے والا یہ حکم اس حکم کے مخالف ہو جس کے لیے یہ الفاظ لائے گئے ہیں تو یہ مفہوم مخالف کہلاتا ہے۔ مفہوم موافق کی حد تک حنفی فقہا اور جمہور اصولیین دونوں کے منہج اور طرق دلالات میں اختلاف نہیں ہے اور دونوں مکاتب فکر اکثر امور میں ایک ہی رائے رکھتے ہیں، کیوں کہ قرآن وسنت نے جن امور کو واضح طور پر بیان کیا ہے ان میں کسی بھی مذہب کو اختلاف کی گنجائش نہیں رہتی، جب کہ بعض نصوص ایسی بھی ہیں جن میں ایک سے زائد معنی کا احتمال پایا جاتا ہے، جن نصوص سے مفہوم مخالف اخذ کیا جاتا ہے ان کا شمار بھی ایسی ہی نصوص میں ہوتا ہے۔ حنفیہ اور متکلمین کے مابین یہی محل اختلاف ہے جس کی اس مقالے میں وضاحت کی گئی ہے اور اس بات کو ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ فقہا کے اختیار کردہ مختلف طریقے جن کے ذریعے لفظ کی اپنے معنی پر دلالت کو سمجھا جاتا ہے وہ سب کے سب نصوص سے احکام کے استنباط کے لیے استعمال ہو سکتے ہیں۔ موجودہ دور میں اس بات کی شد ضرورت ہے کہ استنباط احکام کے وہ تمام طریقے اختیار کیے جائیں جو صحابہ، تابعین، فقہا اور ائمہ کرام نے

۱۰۱۔ **سنن ابن ماجه**،باب تقصير الصلاة في السفر، رقم:۱۰۶۵۔

۱۰۲۔ القرآن، ۴: ۱۰۱۔

۱۰۳۔ الجويني، مصدر سابق، ۱: ۱۷۰۔

استعمال کیے تھے تاکہ دین میں مزید آسانی پیدا کی جاسکے اور اس پر فتن دور میں پیش آمدہ نت نئے مسائل کا حل قرآن و سنت کی روشنی میں بآسانی تلاش کیا جاسکے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ دین متین کی ہمیں صحیح سمجھ عطا فرمائے، اس پر عمل کرنے اور تادم آخر ثابت قدم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

List of Sources in Roman Script

- Al-ʻAsqalānī, Aḥmad b. ʻAlī Ibn Ḥajar. *Fatḥ al-Bārī Sharḥ Ṣaḥīḥ al-Bukhārī*. Riyadh: Dar al-Salām, 1997.
- Al-Āmidī, ʻAlī b. Muḥammad. *Al-Iḥkām Fī Uṣūl al-Aḥkām*. Beirut: Dār al-Fikr li'l-Ṭibāʻa wa'l-Nashr wa'l-Tawzīʿ, 2003.
- Al-Bahūtī, Manṣūr b. Yūnus. *Kashshāf al-Qināʻ ʻan Matn al-Iqnāʻ*. Beirut: Dar Iḥyā' al-Turāth al-ʻArabī, 1999.
- Al-Bukhārī, ʻAbd al-ʻAzīz b. Aḥmad b. Muḥammad. *Kashf al-Asrār ʻan Uṣūl Fakhr al-Islām al-Bazdawī*. Karachi: al-Sadaf Publishers, n.d.
- Al-Dimashqī ʻ Aḥmad ibn Muḥammad Taqī al-Dīn ibn Qāḍī Shuhbah. *Ṭabaqāt Al-Shāfiʻiyyah*. 1st ed. 10 vols. al-Hind: Wizārat al-Ma'ārif li'l-Hukūmah al-ʻĀIiyyah, 1980.
- Al-Ghazālī, Abū Ḥāmid Muḥammad b. Muḥammad b. Muḥammad. *al-Mustaṣfā fī ʻIlm al-Uṣūl*. 1st ed. Beirut: Dār al-Kutub al-ʻIlmiyya, 1993.
- Al-Ḥājj, Ibn Amīr. *Al-Taqrīr Wa'l-Taḥbīr*. 2nd ed. Beirut: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyya, 1999.
- Al-Iṣfahānī, Abī al-Thanā' Shams al-Dīn Maḥmūd b. ʻAbd al-Raḥmān. *Bayān al-Mukhtaṣar: sharḥ Mukhtaṣar Ibn al-Ḥājib fī uṣūl al-fiqh*. Mecca: Jāmiʿah Umm al-Qurā, 1986.
- Al-Juwaynī, Abū al-Maʿālī ʿAbd al-Malik b. ʻAbd Allāh b. Yūsuf b. Muḥammad. *Al-Burhān Fī Uṣūl al-Fiqh*. Edited by Ṣalāḥ b. Muḥammad b. ʿUwayḍa. 1st ed. Vol. 1. 2 vols. Beirut: Dār al-Kutub al-ʻIlmiyya, 1997.
- Al-Khinn, Muṣṭafá Saʻīd. *Athār Al-Ikhtilāf Fī al-Qawāʻid al-Uṣūliyyah Fī Ikhtilāf al-Fuqahā'*. Translated by Habib-ur-

Rahman. Islamabad: Shariah Academy, International Islamic University, 2016.

- Al-Maʿāfirī, Abū Bakr b. al-ʿArabī al-Mālikī. *al-Maḥṣūl fī uṣūl al-fiqh*. Amman: Dar al-Bayariq, 1999.
- Al-Marghīnānī, ʻAlī b. Abī Bakr al-Farghānī. *al-Hidāya fī Sharḥ Bidāyat al-Mubtadī*. Karachi: Maktaba al-Bushrā, 2007.
- Al-Nawawī, Yaḥyā b. Sharaf Muḥyī al-Dīn. *Al-Majmūʿ Sharḥ al-Muhadhdhab*. Beirut: Dar al-Fikr, n.d.
- Al-Rāzī, Fakhr al-Dīn Muḥammad b. ʻUmar. *Al-Maḥṣūl fī ʻIlm Uṣūl al-Fiqh*. Edited by Ṭāhā Jābir Fayyāḍ al-ʻAlwānī. Beirut: Muʾassasat al-Risāla, 1992.
- Al-Samʿānī, Abī al-Muẓaffar Manṣūr b. Muḥammad ibn ʻAbd al-Jabbār. *Qawāṭiʻ al-adillah fī al-uṣūl*. Beirut: Dār al-Kutub al-ʻIlmīyah, 1997.
- Al-Sarakhsī, Muḥammad b. Aḥmad b. Abī Sahl. *Al-Mabsūṭ*. Beirut: Dār al-Maʻrifa, 1997.
- Al-Shawkānī, Muḥammad b. ʿAlī b. Muḥammad. *Irshād Al-Fuḥūl Ilā Taḥqīq al-Ḥaqq Min ʿIlm al-Uṣūl*. Edited by Aḥmad ʻIzzū ʻInāya. 1st ed. Beirut: Dār al-Kitāb al-ʻArabī, 2000.
- Al-Shirbīnī, Sham al-Dīn Muḥammad b. Aḥmad al-Khaṭīb. *Mughnī Al-Muḥtāj Ilā Maʻrifat Maʻāni Alfāẓ al-Minhāj*. Cairo: Mustfā al-Bābī al-Ḥalabī, 1985.
- Al-Suyūṭī, ʻAbd al-Raḥmān b. Abī Bakr Jalāl al-Dīn. *Al-Ashbāh Wa ʾl-Naẓāʾir*. Riyadh: Maktaba Nazār Muṣtafa al-Bāz, 1997.
- Al-Zabīdī, Muḥammad b. Muḥammad b. ʻAbd al-Razzāq Murtaḍā. *Tāj Al-ʻArūs Min Jawāhir al-Qāmūs*. Beirut: Dār al-Fikr, 1944.
- Al-Zarkashī, Badr al-Dīn Muḥammad. *Al-Baḥr al-Muḥīṭ Fī Uṣūl al-Fiqh*. Edited by ʿAbd al-Qādir al-ʿĀfī and ʿUmar

Sulaymān al-Ashqar. 2nd ed. 6 vols. Kuwait: Wizārat al-Awqāf wa'l-Shuʾūn al-Islāmiyya, 1992.

❖ Al-Ziriklī, Khayr al-Dīn. *Al-Aʿlām*. Beirut: Dar al-Ilm lil-Malayin, 2002.

❖ Bihārī, Muḥibb Allāh b. ʻAbd al-Shakūr. *Musallam al-Thubūt maʻa Fawātiḥ al-Raḥamūt*. Beirut: Dar Iḥyāʾ al-Turāth al-ʿArabī, 1998.

❖ Ibn al-Najjār, Taqī al-Dīn Muḥammad ibn Aḥmad. *Sharḥ al-Kawkab al-munīr: al-musammá bi-Mukhtaṣar al-Taḥrīr*. Edited by Muḥammad Muṣṭafá. Zuḥaylī. Riyadh: Maktabat al-ʻUbaykān, 1997.

❖ Ibn Manẓūr, Muḥammad b. Mukarram b. ʻAlī. *Lisān al-ʻArab*. Beirut: Dār Iḥyā al-Turāth al-ʻArabī, 1988.

❖ Ibn Qudāma, Muwaffaq al-Dīn ʻAbd Allāh b. Aḥmad b. Muḥammad. *Al-Mughnī*. Cairo: Hajr li'l-Ṭibāʿa wa'l-Nashr wa'l-Tawzīʿ wa'l-Iʿlān, 1990.

❖ Ibn Rushd, Abū al-Walīd Muḥammad b. Aḥmad. *Bidāyat Al-Mujtahid Wa Nihāyat al-Muqtaṣid.* Beirut: Dar al-Kutub al-ʻIlmiyyah, 1996.

❖ Mardāwī, ʻAlī ibn Sulaymān. *al-Taḥbīr sharḥ al-Taḥrīr fī uṣūl al-fiqh al-Ḥanbalī.* Beirut: Dar al-Fikr, 1996.

❖ Muḥammad Khuḍarī Bak. *Uṣūl al-fiqh. Al-Ṭabʻah al-Sādisah.* Cairo: al-Maktabah al-Tijārīyah al-Kubrá, 1969.

❖ Sakrodvī, Jamīl Aḥmad. *Qūt Al-Akhyār, Sharḥ Nūr al-Anwār*. Karachi: Ahmad Printing Corporation, 1992.

❖ Ṣāliḥ, Muḥammad Adīb. *Tafsīr al-nuṣūṣ fī al-fiqh al-Islāmī*. 2 vols. Beirut: al-Maktab al-Islāmī, 1993.

❖ Subkī, Taqī al-Dīn ʻAlī b. ʻAbd al-Kāfī and Tāj al-Dīn ʻAbd al-Wahhāb b. ʻAlī Subkī. *Ibhāj fī sharḥ al-Minhāj: ʻalá Minhāj*

al-wuṣūl ilá ʻilm al-uṣūl lil-qadī al-Baydāwī. Dubai: Dār al-Buḥūth liʾl-Dirāsāt al-Islāmiyya wa Iḥyāʾ al-Turāth, 2004.

❖ Ṭawīlah, ʻAbd al-Wahhāb ʻAbd al-Salām. *Athar al-Lughah fī Ikhtilāf al-Mujtahidīn.* Riyadh: Dār al-Salām lil-Ṭibāʻah wa-al-Nashr wa-al-Tawzīʻ wa-al-Tarjamah, 1990.

❖ Zāhidī, Ḥāfiẓ Thanāʾ Allāh. *Talkhīṣ al-Uṣūl.* Kuwait: Markaz al-Makhṭūṭāt wa-al-Turāth wa-al-Wathāʾiq, 1994.